PAKISTAN TOBACCO COMPANY

# PAKISTAN TOBACCO COMPANY LIMITED

# NOTICE OF THE ANNUAL GENERAL MEETING

NOTICE IS HEREBY GIVEN that the Seventy Eighth (78th) Annual General Meeting (Meeting) of Pakistan Tobacco Company Limited ("the Company") will be held physically at the Serena Hotel, Khayaban-e-Suhrwardy, Islamabad as well as electronically on **Thursday, the 24th April 2025 at 10:00 am** to transact the following business.

**ORDINARY BUSINESS:**

1. To confirm the Minutes of the 77th Annual General Meeting of the Company held on April 24, 2024.
2. To receive, consider and adopt the Annual Audited Accounts of the Company for the year ended 31st December 2024, together with Directors' and Auditor's Reports thereon.
3. To consider and approve the final cash dividend @ Rs. 0/- per Ordinary Share of the Company as recommended by the Board of Directors for the year ended on 31st December, 2024.
4. To appoint Auditors and to fix their remuneration for the year ending 31st December 2025. The present Auditors, Messrs. KPMG, Chartered Accountants being eligible, offer themselves for reappointment.
5. To elect 12 (twelve) Directors as fixed by the Board of Directors in accordance with Section 159 of the Companies Act, 2017 for a term of three (3) years commencing from the date of Meeting i.e. 24th April 2025 (close of business). The following are the names of the retiring Directors:
   1. Mr. Zafar Mahmood
   2. Syed Ali Akbar
   3. Mr. Mohammad Riaz
   4. Mr. Asif Jooma
   5. Lt. Gen. (Retd) Najib Ullah Khan
   6. Syed Asad Ali Shah
   7. Ms. Belinda Ross
   8. Mr. Wael Sabra
   9. Mr. Gary Tarrant
   10. Mr. Faisal Saif
   11. Mr. Nasir Mahmood Khan Khosa
   12. Syed Mohammad Ali Abrar
6. To transact any other business with the permission of the Chair

BY ORDER OF THE BOARD

Islamabad: March 29, 2025

**SAMI ZAMAN**
COMPANY SECRETARY

**NOTES:**

**1. Annual Report**

A soft copy of the annual report for the year ended on December 31, 2024 is being sent through email to the shareholders who have given their email address and a letter with QR code (to access the Annual Report digitally) is being sent to the shareholders at their registered addresses. In accordance with Section 223 of the Companies Act, 2017, and pursuant to S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, a digital copy of the Annual Report has been uploaded on the Company's website which can be downloaded from the weblink: www.ptc.com.pk. Shareholders who wish to obtain a hard copy of the Annual Report of the Company are requested to inform at PTC_AGM@bat.com. A hard copy of the Annual Report will be duly sent to them.

**2. Closure of Share Transfer Books:**

The Share Transfer Books of the Company will be closed from 17th April 2025 to 24th April 2025 ( both days inclusive). Transfers received in order at the office of the Company's Share Registrar, FAMCO Share Registration Services (Private) Limited at the close of business on Tuesday, 16th April 2025, will be treated in time to the purposes of attending and voting in the Meeting and for the entitlement of final dividend (subject to approval of the members).

**3. Participation in the Annual General Meeting through Online Platform/Facility:**

Members whose names appear in the Company's Register of Members are entitled to attend and vote at the Meeting. A member entitled to attend and vote at the Meeting is also entitled to appoint a proxy who will have the right to attend, speak and vote in place of that member.

An instrument of proxy applicable for the Meeting is being provided with the Notice sent to the members. Proxy form may also be downloaded from the Company's website: www.ptc.com.pk. An instrument of proxy and the power of attorney or other authority (if any) under which it is signed, or a certified true copy of such power or authority duly notarised must, in order to be valid, be deposited at Company's Share Registrar, FAMCO Share Registration Services (Private) Limited not less than forty-eight (48) hours before the time of holding the Meeting (i.e. 24th April 2025 at 10.00 AM). Proxy form(s) received after the said forty-eight (48) hours i.e. after 10:00 AM on 22nd April, 2025 will not be treated as valid.

**4. Guidelines for Central Depository Company of Pakistan Limited ('CDC') Investor Account Holders:**

CDC Investor Account Holders will further have to follow the under-mentioned guidelines as laid down in Circular No. 1 dated January 26, 2000, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

**A) In Person:**

(i) In case of individuals, the investor account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in group account where registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall authenticate his / her identity by showing his / her original Computerised National Identity Card (CNIC) or valid original passport at the time of attending the Meeting.

(ii) In the case of a corporate entity, presentation of a certified copy of the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with specimen signatures of the nominee must be produced at the time of the Meeting.

**B) By Proxy:**

(i) In case of individuals, the investor account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

(ii) The proxy must be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers should be stated on the form.

(iii) Attested copies of CNIC or the valid passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

(iv) In case of a corporate entity, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with specimen signatures shall be submitted along with the proxy form to the Company's Share Registrar.

(v) The proxy shall produce his/her original CNIC or original valid passport at the time of the Meeting.

For any shareholders who want to attend the Annual General Meeting via online connectivity, it is requested to please send an email to PTC_AGM@bat.com by 10:00am on April 18, 2025 so a connection link may be communicated to such shareholder.

**5. Submission of CNIC/NTN Details (Mandatory)**

In accordance with the notifications / directives of the SECP vide S.R.O. 779(1)/2011 dated August 18, 2011 and S.R.O. 83(1)/2012 dated July 5, 2012, dividend warrants should bear CNIC number of the registered member or the authorised person, except in case of minor(s) and corporate members. The CNIC number /NTN details are mandatory and are also required for checking the tax status as per the Active Tax Payers List (ATL) issued by the Federal Board of Revenue (FBR) from time to time.

Individuals including all joint holders holding physical certificates are therefore requested to submit a copy of their valid CNIC to the Company or its Registrar, if not already provided. The shareholders while sending CNIC must quote their respective folio numbers.

In cases of non-receipt of the copy of a valid CNIC, the Company would be constrained under Section 243(3) of the Companies Act, 2017 to withhold dispatch of divided of such shareholders.

**6. Electronic Credit Mandate for Payment of Cash Dividend (Mandatory)**

Pursuant to the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, and Regulation 4 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, it is mandatory for a listed company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode by making direct remittance into their respective bank account designated by the entitled shareholder(s) ("the bank account").

Therefore, in order to receive dividends directly into the bank account, shareholders holding shares in physical form are requested to fill in "Electronic Credit Mandate Form" available on Company's website i.e. www.ptc.com.pk and send the completed form along with a copy of a valid CNIC and provide the following information to the registrar of the Company FAMCO Share Registration Services (Private) Limited, 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi latest by 16th April, 2025.

| | |
|---|---|
| Folio Number | |
| Name of Shareholder | |
| Title of the Bank Account | |
| International Bank Account (IBAN) (24 digits) | |
| Name of Bank | |
| Name of Bank Branch and Address | |
| Cellular Number of Shareholder | |
| Landline Number of Shareholder | |
| Email Address | |
| CNIC/NTN Number, in case of corporate shareholder (Attach Copy) | |
| Signature of Member | |

**7. Deduction of Income Tax from Dividend under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 (Mandatory)**

(i) The rates of deduction of income tax from dividend payments under the Income Tax Ordinance, 2001 are as follows:
(a) Rate of tax deduction for shareholders appearing in Active Taxpayers List (ATL): 15%
(b) Rate of tax deduction for shareholders not appearing in Active Taxpayers List (ATL): 30%
To enable the Company to make a tax deduction on the amount of cash dividend @ 15% instead of 30%, shareholders whose names are not entered into the Active Taxpayers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to immediately make sure that ttheir names are entered in ATL, otherwise the tax on their cash dividend will be deducted @ 30% instead of 15%.

(ii) Withholding Tax exemption from the dividend income, shall only be allowed if a copy of valid tax exemption certificate is made available to FAMCO Share Registration Services (Private) Limited, by the first day of Book Closure.

(iii) Further, according to clarification received from Federal Board of Revenue (FBR), with-holding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of Principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts.
In this regard all shareholders either holding shares in physical form or in CDC, who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportions of Principal shareholder and Joint holder(s) in respect of shares held by them **(only if not already provided)** to our Share Registrar, in writing in the following manner:

| Company Name | Folio/CDS Account # | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name & CNIC # | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name & CNIC # | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | | |

The required information must reach our Share Registrar within ten (10) days of this Notice; otherwise, it will be assumed that the shares are equally held by Principal shareholder and Joint Holder(s).

(iv) The corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificates to the Company or FAMCO Share Registration Services (Private) Limited. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote the company name and their respective folio numbers.

**8. INTIMATION FOR NON-RESIDENT INDIVIDUAL SHAREHOLDERS:**

Non-resident individual shareholders shall submit declaration or undertaking with a copy of their valid passport under definition contained in Section 82 of the Income Tax Ordinance, 2001 for determination of residential status for the purposes of tax deduction on dividend to the Share Registrar (FAMCO Share Registration Services (Private) Limited) or email at the latest by 16th April 2025. The copy of declaration form can be downloaded from the Company's Shares Registrar website: www.famcosrs.com.

**9. Zakat Deductions:**

To claim exemption from compulsory deduction of Zakat, shareholders are requested to submit a notarised copy of Zakat Declaration Form "CZ-50" on NJSP of Rs.50/- to the Company's Share Registrar.

**10. E-Voting**

Members can exercise their right to demand a poll subject to meeting requirements of Section 143-145 of Companies Act, 2017 and applicable clauses of Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018.

**11. Video-Link Facility**

Pursuant to Section 134(1)(b) of the Companies Act, 2017 and SECP's circular No. 10 of 2014 dated May 21, 2014, if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing in a geographical location to participate in the meeting through video conference at least ten (10) days prior to the date of Annual General Meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. To avail this facility, please provide the following information to the Company's Shares Registrar.

I/We, ______________________being a member of Pakistan Tobacco Company Limited holding __________ of Ordinary Shares (s) as per Register Folio No.______________ hereby opt for the video Conference facility at (Please insert name of the City).

**12. Election of Directors**

The term of the office of the present Board of Directors of the Company will expire on 21st April 2025. In terms of Section 159(1) of the Companies Act, 2017 the Board of Directors in its Board meeting has fixed the number of elected Directors at twelve (12) to be elected in the Annual General Meeting of the Company for the period of next three (3) years.

Any person who seeks to contest the election to the office of a Director, whether he/she is a retiring Director or otherwise, shall file the following documents with the Company Secretary, at the Registered Office of the Company located at Serena Business Complex, Khayaban-e-Suhrwardy, Islamabad, not later than fourteen (14) days before the date of the Meeting.

(i) Notice of his / her intention to offer him / herself for the election to the Office of Director in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017, selecting any one category in which he/she intends to contest, in accordance with Regulation 7A of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019. The categories of Directors and number of Directors to be elected in each category are as follows:

| Category | No. of Directors to be Elected |
|---|---|
| Female Director | 2 |
| Independent Directors | 4 |
| Other Directors | 6 |

(ii) Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election of Directors as per Section 159(3) of the Companies Act, 2017 and consent to act as a director on Form 9 as prescribed under the Companies Act, 2017 and the Companies Regulations, 2024. (Any person contesting the election of directors must be a Member of the Company at the time of filing his/her consent unless such person is representing a member which is not a natural person.).

(iii) A signed declaration confirming that:
(a) He/she is aware of his/her duties and powers under the Companies Act, 2017, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, the Rule Book of Pakistan Stock Exchange Limited, Memorandum and Articles of Association of the Company and other relevant laws and regulations.
(b) He/she is not ineligible to become a director of a listed company under the provisions of the Companies Act, 2017, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and other applicable laws and regulations.

(iv) A detailed profile along with his/her office address for placement on the Company's website as required under SRO 1196 (I)/2019 dated October 03, 2019.

(v) Details of other directorships held.

(vi) A copy of valid CNIC or Passport (in case of a foreign national) along with NTN and Folio Number/CDC Account or Sub Account number.

(vii) A director must be holding 1 qualification share of the Company at the time of filing of his / her consent to act as director. The aforesaid qualification shall not be applicable for instances mentioned in Section 153(i) of the Companies Act 2017.

(viii) The following additional documents are required to be submitted by the candidates intending to contest the election as an independent director:
(a) Declaration of independence under Regulation 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.
(b) Undertaking on non-judicial stamp paper that he /she meets the requirements of Regulation 4(1) of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

All the notices received for the category of Independent Director, shall be subject to due diligence by the Company as prescribed under Section 166 of the Companies Act, 2017 and Regulation 7A of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.

The final list of candidates contesting the election will be circulated not later than seven (7) days before the date of the Meeting in terms of Section 159(4) of the Companies Act, 2017. The website of the Company will be updated with the required information and Directors' profile.

**13. Change of Address:**

Members are requested to notify any change in their addresses immediately.
(i) Members holding shares in physical form are requested to notify the Company's Share Registrar promptly of changes in their address.
(ii) Members holding shares in electronic form with CDC must notify change of address to their participants or CDC Investor Account Services with whom the account is maintained.

**14. Unclaimed Dividend / Shares U/S 244 of the Companies Act, 2017:**

An updated list for unclaimed dividend/shares of the Company, which have remained unclaimed or unpaid for a period of three years from the date these have become due and payable, is available on the Company's website: https://www.ptc.com.pk/

Claims can be lodged by shareholders on Claim Form as is available on the Company's website. Claim Forms must be submitted to the Company's Share Registrar for receipt of dividend/ shares.

**15. Conversion of Shares from Physical Form to Book-Entry-Form:**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued a letter No. CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated March 26, 2021 addressed to all listed companies drawing attention towards the provision of Section 72 of the Companies Act, 2017 which requires all companies to replace shares issued by them in physical form with shares to be issued in the Book-Entry-form within a period not exceeding four (4) years from the date of the promulgation of the Companies Act, 2017. In order to ensure full compliance with the provisions of the aforesaid Section 72 and to benefit from the facility of holding shares in the Book-Entry-Form, the shareholders who still hold shares in physical form are requested to convert their shares in the Book-Entry-Form. This will facilitate them in many ways, including safe custody and sale of shares any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Pakistan Stock Exchange.

**16. Contact Details:**

**Company Contact:**
**Company Secretary,**
**Pakistan Tobacco Company Limited,**
**Serena Business Complex, Khayaban-e-Suhrwardy,**
**Islamabad. Phone: (051) 2083200.**
**Email address: ptc_company_secretary@bat.com**

**Share Registrar:**
**FAMCO Share Registration Services (Pvt) Ltd.**
**8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block-6,**
**P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi**
**Phone: (021) 34380101-5**
**Email address: info.shares@famcosrs.com**

PTC
PAKISTAN TOBACCO COMPANY

# پاکستان ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ

# سالانہ اجلاسِ عام کا نوٹس

مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ ("کمپنی") کا اٹھہترواں (78th) سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات، مورخہ 24 اپریل 2025 کو صبح 10:00 بجے سرینا ہوٹل، خیابان سہروردی، اسلام آباد میں اور اس کے ساتھ ساتھ الیکٹرانک ذرائع سے منعقد ہوگا۔ جس میں مندرجہ ذیل امور طے ہوں گے۔

## عمومی امور:

1۔ 24 اپریل 2024 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے 77 ویں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی توثیق۔

2۔ 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی وصولی، غور و خوض اور توثیق اور اس کے ساتھ ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس بھی شامل ہوں گی۔

3۔ بورڈ کی جانب سے تجویز کردہ 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے حتمی نقد منافع بحساب -/0 روپے فی عمومی شیئر پر غور و خوض اور منظوری کرنا۔

4۔ 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز KPMG، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اپنی اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔

5۔ اجلاس کی تاریخ یعنی 24 اپریل 2025 (کاروبار کے اختتام) سے شروع ہونے والی تین (3) سالہ مدت کیلئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 159 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مقرر کردہ بارہ (12) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ مسٹر ظفر محمود — 2۔ سید علی اکبر
3۔ مسٹر محمد ریاض — 4۔ مسٹر آصف جمعہ
5۔ لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) نجیب اللہ خان — 6۔ سید اسد علی شاہ
7۔ مس بلینڈا روس — 8۔ مسٹر وائل سبرا
9۔ مسٹر گیری ٹیرنٹ — 10۔ مسٹر فیصل سیف
11۔ مسٹر ناصر محمود خان کھوسہ — 12۔ سید محمد علی ابرار

6۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر کاروباری امور زیر غور لانا۔

بحکم بورڈ

سمیع زمان
کمپنی سیکریٹری

اسلام آباد: 29 مارچ 2025

## نوٹس

### 1۔ سالانہ رپورٹ:

31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کی سالانہ رپورٹ کی سافٹ کاپی شیئر ہولڈرز کو ان کے دیئے گئے ای میل ایڈریس پر اور ایک لیٹر QR کوڈ کے ساتھ (تاکہ وہ سالانہ رپورٹ کی کاپی حاصل کر سکیں) ان کے رجسٹرڈ پتے پر ارسال کیا جا رہا ہے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 اور ایس آر او 2023/(I)389 بتاریخ 21 مارچ 2023 کے تحت سالانہ رپورٹ کی ڈیجیٹل کاپی ہماری ویب سائٹ پر شائع کی جا رہی ہے جو ویب لنک: www.ptc.com.pk سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے۔ وہ شیئر ہولڈرز جو سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی حاصل کرنے کے خواہاں ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہمیں PTC_AGM@bat.com پر مطلع کریں، انہیں سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی ارسال کر دی جائے گی۔

### 2۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 17 اپریل 2025 سے 24 اپریل 2025 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر میں مورخہ 16 اپریل 2025 بروز منگل کو کاروبار کے اختتام تک بروقت وصول ہونے والے ٹرانسفرز اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے اور حتمی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی (جو کہ ممبران کی منظوری سے مشروط ہے) کے حقدار ہوں گے۔

### 3۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت بذریعہ آن لائن پلیٹ فارم / سہولت:

جن اراکین کے نام کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں درج ہیں، وہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہیں۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر اپنا ایک نمائندہ (پراکسی) مقرر کر سکتا ہے جسے اس ممبر کی جگہ شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہوگا۔

اجلاس کے لیے قابلِ اطلاق پراکسی فارم نوٹس کے ہمراہ ممبران کو فراہم کر دیا گیا ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.ptc.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ پراکسی فارم اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی دستاویز (اگر کوئی ہو) جس کے تحت اس پر دستخط کیا گیا ہو، یا اس اختیار یا مجاز دستاویز کی نوٹرائزڈ مصدقہ کاپی، اجلاس کے انعقاد کے وقت (یعنی مورخہ 24 اپریل 2025 بوقت صبح 10:00 بجے) سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر میں جمع کروائے جائیں۔ مذکورہ 48 گھنٹوں یعنی 22 اپریل 2025 کو صبح 10:00 بجے کے بعد موصول ہونے والے پراکسی فارم مستند تصور نہیں ہوں گے۔

### 4۔ پاکستان سنٹرل ڈپازٹری کمپنی لمیٹڈ (CDC) کے انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ہدایات:

CDC انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، بتاریخ 26 جنوری 2000 کے مطابق وضع کردہ درج ذیل مزید ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

(الف) شخصی طور پر:

i) اگر انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کوئی فرد یا وہ شخص ہے، جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں جہاں رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، تو اسے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا مؤثر اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرنی ہوگی۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کی ایک مصدقہ نقل نامزد شخص کے دستخطوں کے ساتھ پیش کرنی ہوگی۔

ب) بذریعہ نمائندہ (پراکسی):

i) اگر انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کوئی فرد یا وہ شخص ہے، جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں جہاں رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، تو اس صورت میں مذکورہ بالا بیان کردہ شرط کے تحت پراکسی فارم جمع کروائیں۔

ii) نمائندہ (پراکسی) کیلئے دو افراد بطور گواہ فراہم کیے جائیں جن کا نام، پتہ اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج کیے جائیں۔

iii) بینیفشل مالکان یا نمائندہ (پراکسی) کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ فراہم کی جائیں۔

iv) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کے دستخطوں کے نمونے کے ہمراہ پراکسی فارم جمع کرایا جائے گا۔

v) نمائندے (پراکسی) کو اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

جو شیئر ہولڈرز آن لائن رابطے کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، ان سے التماس ہے کہ وہ PTC_AGM@bat.com پر مورخہ 18 اپریل 2025، صبح 10:00 بجے تک ای میل ارسال کریں تاکہ ان شیئر ہولڈر کو کنکشن کا لنک بھیجا جا سکے۔

### 5۔ CNIC / NTN تفصیلات کی فراہمی (لازمی):

ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشنز/ ہدایات جو کہ S.R.O.779(1)/2011، بتاریخ 18 اگست 2011 اور S.R.O.83(1)/2012، بتاریخ 5 جولائی 2012 کے تحت جاری شدہ ہیں، کے تحت ڈیویڈنڈ وارنٹس پر رجسٹرڈ رکن یا مجاز فرد کا شناختی کارڈ نمبر درج ہونا ضروری ہے، ماسوائے نابالغ افراد اور کارپوریٹ ممبران کے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) کے مطابق CNIC نمبر/ NTN تفصیلات کی فراہمی لازمی ہے جو کہ ٹیکس سٹیٹس کو چیک کرنے کے لیے ضروری ہیں۔

اس لیے تمام جوائنٹ ہولڈرز بشمول فزیکل سرٹیفکیٹس کے حامل افراد سے التماس کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مؤثر شناختی کارڈ کی ایک نقل کمپنی یا اس کے رجسٹرار کو جمع کرائیں اگر پہلے سے فراہم نہیں کی تو حصص یافتگان کو شناختی کارڈ ارسال کرتے وقت اپنے متعلقہ فولیو نمبرز کا حوالہ دینا ہوگا۔

کسی مؤثر شناختی کارڈ کی کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی کو اس طرح کے حصص یافتگان میں ڈیویڈنڈ کی تقسیم روکنے کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)343 کے تحت پابند کیا جائے گا۔

### 6۔ کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کیلئے الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ (لازمی):

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) کے قاعدہ 4 کی دفعات کے تحت ایک لسٹڈ کمپنی کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے حصص یافتگان کو صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے کیش ڈیویڈنڈ ادا کرے تاکہ استحقاق کے حامل حصص یافتگان کی طرف سے نامزد کردہ اپنا متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست رقم منتقل ہو سکے۔

لہٰذا براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں ڈیویڈنڈ حاصل کرنے کے لیے، فزیکل شکل میں حصص کے حامل شیئر ہولڈرز سے التماس کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.ptc.com.pk پر دستیاب "الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم" کو پُر کریں اور مکمل شدہ فارم شناختی کارڈ کی مؤثر کاپی یا درج ذیل معلومات کے ہمراہ کمپنی کے رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو مورخہ 16 اپریل 2025 تک ارسال کریں۔

| | |
|---|---|
| فولیو نمبر | |
| شیئر ہولڈر کا نام | |
| بینک اکاؤنٹ کا عنوان | |
| انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ (IBAN) (24 ہندسے) | |
| بینک کا نام | |
| بینک برانچ کا نام اور پتہ | |
| شیئر ہولڈر کا موبائل نمبر | |
| شیئر ہولڈر کا لینڈ لائن نمبر | |
| ای میل ایڈریس | |
| CNIC/NTN نمبر، کارپوریٹ شیئر ہولڈر کی صورت میں (کاپی منسلک کریں) | |
| ممبر کے دستخط | |

### 7۔ ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت (لازمی):

(i) انکم ٹیکس آرڈیننس کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کے ریٹس درج ذیل ہیں:

1. انکم ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل شیئر ہولڈرز کیلئے ٹیکس کٹوتی کا ریٹ — 15 فیصد
2. انکم ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہ ہونے والے شیئر ہولڈرز کیلئے ٹیکس کٹوتی کا ریٹ — 30 فیصد

کمپنی کو 30% کی بجائے 15% کیش ڈیویڈنڈ کی رقم پر ٹیکس کٹوتی کرنے کے قابل بنانے کے لیے، ایسے حصص یافتگان جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں ہیں، اس حقیقت کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ فوری طور پر اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ATL میں درج ہیں، بصورت دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر 15% کی بجائے 30% ٹیکس کاٹا جائے گا۔

(ii) ڈیویڈنڈ کی آمدنی سے ود ہولڈنگ ٹیکس میں چھوٹ صرف کارپوریٹ حصص یافتگان کو ہی ہوگی۔ جب شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش کے پہلے دن تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو درست ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی مل جائے۔

(iii) مزید یہ کہ ایف بی آر سے موصولہ وضاحت کے مطابق، مشترکہ کھاتوں کے معاملے میں، ود ہولڈنگ ٹیکس پرنسپل حصص یافتگان کے ساتھ ساتھ مشترکہ ہولڈر حصص یافتگان کی تناسب کی بنیاد پر "فائلر/ نان فائلر" کی حیثیت پر الگ سے طے کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں کمپنی کے تمام حصص یافتگان جن کے یا تو فزیکل شکل میں یا سی ڈی سی میں حصص ہیں، جو مشترکہ طور پر حصص رکھتے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے حصص کے سلسلے میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کے شیئر ہولڈنگ کا تناسب شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر اور درج ذیل طریقے سے فراہم کریں (اگر پہلے ہی فراہم نہیں کیا گیا ہو تو):

| کمپنی کا نام | فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ # | کل حصص | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈرز | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور شناختی کارڈ نمبر | حصص یافتگی کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور شناختی کارڈ نمبر | حصص یافتگی کا تناسب (حصص کی تعداد) |
| | | | | | | |

اس اطلاع کے دس (10) دن کے اندر مطلوبہ معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار تک پہنچنا ضروری ہے۔ بصورت دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ حصص یکساں طور پر پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ ہولڈرز کے پاس ہیں۔

(iv) سی ڈی سی اکاؤنٹس والی کمپنی کے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کیلئے لازم ہے کہ وہ اپنے قومی ٹیکس نمبر (این ٹی این) کو اپنے متعلقہ شرکاء کے ساتھ اپ ڈیٹ کریں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی یا فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو ارسال کرنی ہوگی۔ NTN یا NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے ہوئے حصص یافتگان کیلئے لازم ہے کہ کمپنی کا نام اور ان کے متعلقہ فولیو نمبرات کا حوالہ دیں۔

### 8۔ غیر رہائشی انفرادی شیئر ہولڈرز کیلئے اطلاع:

غیر رہائشی انفرادی شیئر ہولڈرز کو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 82 میں واضح کردہ تشریح کے تحت اپنے پاسپورٹ کی مؤثر کاپی کے ہمراہ ڈیکلریشن یا اقرار نامہ مورخہ 16 اپریل 2025 سے قبل ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو جمع کرانا ہوگا یا ای میل کرنا ہوگا تاکہ ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کٹوتی کے مقاصد کے لیے ان کی رہائشی حیثیت کا تعین کیا جا سکے۔ ڈیکلریشن فارم کی کاپی شیئرز رجسٹرار کی ویب سائٹ www.famcosrs.com سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے۔

### 9۔ زکوٰۃ کی کٹوتی:

زکوٰۃ کی لازمی کٹوتی سے استثنیٰ کے دعوے کے لئے حصص داروں سے درخواست ہے کہ وہ اپنے زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم CZ-50 کی ایک نوٹرائزڈ کاپی 50 روپے کے اسٹام پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

### 10۔ ای- ووٹنگ:

ممبران کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی لاگو شقوں کے تحت رائے شماری کے مطالبے سے متعلق اپنے حق کا استعمال کر سکتے ہیں۔

### 11۔ ویڈیو لنک کی سہولت:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (b)(1)134 اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 10 آف 2014 بتاریخ 21 مئی 2014 کے مطابق اگر کمپنی کو مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زائد شیئرز کے حامل ایسے شیئر ہولڈرز کی رضامندی کی درخواست سالانہ اجلاس عام سے کم از کم 10 دن پہلے موصول ہوتی ہے جو کہ ایک علاقہ میں رہائش پزیر ہوں اور بذریعہ ویڈیو کانفرنس اجلاس میں شمولیت کے خواہشمند ہوں تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت مہیا کرے گی، تاہم اس سہولت کی فراہمی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔ براہ مہربانی اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل معلومات فراہم کریں۔

میں/ہم ______________ پاکستان ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ کے ممبر ہونے کے ناطے عمومی شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر ______________ کے حامل ہیں اور اس لیے ______________ (شہر کا نام) میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔

### 12۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنی کے موجودہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے عہدوں کی مدت مورخہ 21 اپریل 2025 کو اختتام پزیر ہوگی کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (1)159 کے تحت، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس میں منتخب کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد بارہ (12) مقرر کی ہے، جو کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں آئندہ تین (3) سالہ مدت کے لیے منتخب کیے جائیں گے۔ کوئی بھی فرد، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور ہو، جو ڈائریکٹر کے عہدے کے لیے انتخاب میں حصہ لینا چاہے، وہ کمپنی سیکرٹری کے پاس سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے 14 دن قبل درج ذیل دستاویزات سرینا بزنس کمپلیکس، خیابان سہروردی اسلام آباد میں واقع کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرائے گا۔

(i) امیدوار کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے رضامندی کا نوٹس جمع کرانا ہوگا اور اس کے ہمراہ اسے لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن 7A کے مطابق ایک کیٹیگری منتخب کرنی ہوگی، جس میں وہ انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتا/ رکھتی ہو۔ ڈائریکٹرز کی کیٹیگریز اور ہر کیٹیگری میں منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد درج ذیل ہے:

| کیٹیگری | منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد |
|---|---|
| خاتون ڈائریکٹر | 2 |
| آزاد ڈائریکٹرز | 4 |
| دیگر ڈائریکٹرز | 6 |

(ii) امیدوار کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے رضامندی کا نوٹس اور کمپنیز ایکٹ، 2017 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024 میں مجوزہ فارم 9 پر بطور ڈائریکٹرز ذمہ داری سر انجام دینے کی رضامندی جمع کرانی ہوگی۔ (ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند کوئی بھی فرد درخواست جمع کراتے وقت کمپنی کا رکن ہونا ضروری ہے، ماسوائے اس صورت میں جب وہ کسی ایسے رکن کی نمائندگی کر رہا ہو جو نیوٹرل فرد نہ ہو۔)

(iii) امیدوار کو ایک دستخط شدہ اعلامیہ جمع کرانا ہوگا، جس میں درج ذیل امور کی تصدیق ہو:

(الف) وہ کمپنیز ایکٹ، 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے رول بک، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور دیگر متعلقہ قوانین وضوابط کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے۔

(ب) وہ کمپنیز ایکٹ، 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور دیگر قابلِ اطلاق قوانین وضوابط کے تحت کسی لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

(iv) SRO 1196 (I)/2019 بتاریخ 03 اکتوبر 2019 کے تحت، امیدوار کو اپنی تفصیلی پروفائل اور دفتری پتہ فراہم کرنا ہوگا تاکہ اسے کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کیا جا سکے۔

(v) اپنی دیگر ڈائریکٹرشپ کی تفصیلات۔

(vi) قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ (غیر ملکی شہری ہونے کی صورت میں) کی مؤثر کاپی بمعہ NTN اور فولیو نمبر/ CDC اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ نمبر

(vii) بطور ڈائریکٹر کام کرنے کے لیے اپنی رضامندی جمع کراتے وقت ایک ڈائریکٹر کیلئے کمپنی کا 1 کوالیفیکیشن شیئر کا حامل ہونا ضروری ہے۔ مذکورہ اہلیت کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (i)153 میں مذکورہ تشریح پر لاگو نہیں ہوگی۔

(viii) ایک آزاد ڈائریکٹر کے طور پر ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ رکھنے والے امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی:

(الف) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن 2019 کے ضابطے (3)6 کے تحت خود مختار ڈائریکٹرز کا اعلان۔

(ب) غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر اقرار نامہ کہ وہ کمپنیز (خود مختار ڈائریکٹرز کا انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز 2018 کے ضابطے (1)4 کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔

آزاد ڈائریکٹر کی کیٹیگری کے لیے موصول ہونے والے تمام نوٹسز کمپنی کی جانب سے مقررہ جانچ پڑتال کے عمل سے گزریں گے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 166 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ضابطے 7A میں درج ہے۔

انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی حتمی فہرست کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (4)159 کے تحت، اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل جاری کی جائے گی۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر مطلوبہ معلومات اور ڈائریکٹرز کے پروفائل کو اپڈیٹ کیا جائے گا۔

### 13۔ ایڈریس کی تبدیلی:

ممبران سے التماس ہے کہ وہ اپنے ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی کے حوالے سے فوری طور پر مطلع کریں۔

(i)۔ فزیکل فارم میں شیئرز رکھنے والے ممبران سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے ایڈریس میں ہونے والی تبدیلیوں کے بارے میں فوری طور پر مطلع کریں۔

(ii)۔ الیکٹرانک شکل میں سی ڈی سی کے ساتھ حصص رکھنے والے ممبران کو اپنے شرکاء یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ایڈریس کی تبدیلی کو مطلع کرنا ہوگا جس کے ساتھ ان کے حصص رکھے گئے ہیں۔

### 14۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 244 تحت غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ /شیئرز:

کمپنی کے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/ شیئرز کی تازہ ترین فہرست کمپنی کی ویب سائٹ www.ptc.com.pk پر دستیاب ہے۔ یہ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/ شیئرز ان کی قابل ادائیگی کی تاریخ سے تین سال کی مدت کے لئے غیر دعویدار یا بغیر ادائیگی کے رہے ہیں۔ حصص یافتگان دعویٰ فارم کے ذریعہ دعویٰ کر سکتے ہیں جیسا کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ ڈیویڈنڈ شیئرز کی وصولی کے لئے دعوے کے فارم کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائے جائیں۔

### 15۔ شیئرز کی فزیکل فارم سے بُک انٹری فارم میں تبدیلی:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے 26 مارچ 2021 کو ایک لیٹر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 جاری کیا ہے، جس میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کی دفعات کی طرف توجہ مبذول کراتے ہوئے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو مخاطب کیا گیا ہے، جس کے تحت تمام کمپنیوں سے یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ اپنے جاری کردہ شیئرز کو ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ سے چار سال کی مدت کے اندر فزیکل صورت میں جاری کردہ شیئرز بک انٹری فارم میں جاری کیے جائیں۔ مذکورہ سیکشن 72 کی دفعات کی مکمل تعمیل کو یقینی بنانے اور بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنے کی سہولت سے مستفید ہونے کے لیے، ان شیئرز ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے جو ابھی بھی فزیکل صورت میں شیئرز رکھتے ہیں وہ اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کر دیں۔ یہ انہیں کئی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا، جن میں شیئرز کی محفوظ تحویل اور کسی بھی وقت ان کی فروخت شامل ہے، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ ضوابط کے تحت فزیکل شیئرز کی خرید و فروخت ممنوع ہے۔

### 16۔ رابطہ کی تفصیلات:

**کمپنی سے رابطہ:**
کمپنی سیکریٹری، پاکستان ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ
سرینا بزنس کمپلیکس، خیابان سہروردی، اسلام آباد
فون: 2083200 51 92 +
ای میل: ptc_company_secretary@bat.com

**شیئر رجسٹرار سے رابطہ:**
فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، P.E.C.H.S،
شاہراہ فیصل، کراچی۔ فون: 5-34380101 (021)
ای میل: info.shares@famco srs.com